© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اداریہ

۱۔ مجلّہ فقہ اسلامی کی اشاعت کے پانچ سال مکمل ہونے پر ایک پنج سالہ اشاریہ مرتب کیا گیا تھا جسے ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ کے شمارہ میں شائع ہونا تھا مگر اشاریہ کی تاخیر سے موصولی، دوبارہ کمپوزنگ ...... اور پھر اس میں ردو بدل و ترمیم و اضافہ نے مزید پانچ ماہ کا وقت لے لیا۔اب ہمارے سامنے دو صورتیں تھیں ایک تو یہ کہ ہم اسے اس سال کے آخر یعنی ذوالحجہ کے شمارے میں شائع کریں اور دوسری یہ کہ بلا تاخیر شائع کردیں چنانچہ ہم نے **خیر البر عاجلہ** کے مصداق اسے (پانچ ماہ کی تاخیر غیر اختیاری کے بعد) بلا تاخیر شائع کرنا مناسب خیال کیا۔ چنانچہ یہ زیر نظر شمارہ میں شامل ہے۔

ہم جناب شاہد حنیف صاحب کے ممنون ہیں جنہوں نے یہ اشاریہ مرتب کرنے میں ذاتی دلچسپی لی، ہمیں تو اس وقت اس کا علم ہوا جب انہوں نے لاہور سے فون کر کے سابقہ چند شمارے طلب کئے اور بتایا کہ وہ فقہ اسلامی کا پنجسالہ اشاریہ مرتب کررہے ہیں اس لئے انہیں یہ شمارے ضرور ارسال کئے جائیں۔

جناب شاہد حنیف صاحب پنجاب یونیورسٹی لاہور کے لئے اردو انسائکلو پیڈیا آف اسلام پر کام کررہے ہیں وہ متعدد رسائل و جرائد کے اشارئے مرتب کرچکے ہیں اور ماہنامہ محدث لاہور سے علمی ربط و تعلق رکھتے ہیں۔ان سے رابطہ کا پتہ حسب ذیل ہے۔

جناب شاہد حنیف صاحب انسائکلو پیڈیا آف اسلام،
پنجاب یونیورسٹی اولڈ کیمپس لاہور۔

اللہ رب العزت اس عظیم کار خیر پر انہیں اپنی نعمتوں سے مالا مال فرمائے (آمین)

۲۔ متعدد قارئین ہمیں یہ مشورہ دیتے رہتے ہیں کہ مجلّہ میں خطوط کی اشاعت کا اہتمام کیا جائے،اس سلسلہ میں ہمارا موقف یہ ہے کہ چونکہ ہمیں موصول ہونے والے اکثر و بیشتر خطوط میں مجلّہ کی تعریف ہوتی ہے اور مثبت نقد و نظر نہیں ہوتا اس لئے ایسے خطوط کی اشاعت کا کوئی فائدہ نظر نہیں



© rasailojaraid.com